22389-چاشت کی نماز کا وقت

سوال

اشراق اور چاشت کی نماز کا مناسب وقت کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

اشراق کی نماز اول وقت میں ادا کرنا ہی چاشت کی نماز ہے ، اور یہ دو مختلف نمازیں نہیں ، اس کا نام اشراق اس لیے رکھا گیا ہے کہ یہ سورج نکلنے اور بلند ہونے کے بعد ادا کی جاتی ہے .

شیخ ابن باز رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

اول وقت میں چاشت کی نماز ادا کرنا اشراق کی نماز کہلاتا ہے .

دیکھیں : مجموع فتاوی الشیخ ابن باز (401/11).

اور چاشت کی نماز کا وقت سورج کے طلوع اور اس کے بلند ہونے سے لیکر ظہر کی نماز سے قبل تک رہتا ہے .

اور شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی نے اس کا اندازہ لگایا ہے کہ :

تقریبا سورج طلوع ہونے کے پندرہ منٹ بعد سے لیکر نماز ظہر سے تقریبا دس منٹ قبل تک ہے .

دیکھیں : الشرح الممتع (122/4).

تو یہ سارا وقت چاشت کی نماز کا ہے .

(اور افضل یہ ہے کہ اس کی ادائیگی سورج کی گرمی ہونے کے بعد ہو کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"اوابین کی نماز اس وقت ہے جب اونٹ کا بچہ ریت گرم ہونے سے اپنے پاؤں اٹھائے"

صحیح مسلم حدیث نمبر (748).

اور الفصال : اونٹ کے بچے کو کہتے ہیں ، اور ترمض کا معنی یہ ہے کہ جب اسے سورج کی گرمی لگے .

دیکھیں : مجموع فتاوی ابن باز (395/11).

اور علماء کرام نے اس کا اندازہ دن کا چوتھائی حصہ لگایا ہے ، یعنی ظہر اور طلوع شمس کے مابین نصف وقت .

دیکھیں: المجموع للنووی (36/4) اور الموسوعۃ الفقھیۃ (224/27)

واللہ اعلم.